سوال

(28) روزے کی حالت میں مہندی لگانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا روزہ کی حالت میں بالوں کو مہندی لگانے سے روزہ اور نماز ٹوٹ جاتے ہیں۔ کیونکہ میں نے سنا ہے کہ مہندی کا لگانا روزہ کو توڑ دیتا ہے۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

روزہ کی حالت میں بالوں کو مہندی لگانے سے روزہ نہیں ٹوٹتا اور نہ ہی سرمہ لگانے سے۔ کانوں میں دوائی ڈالنے آنکھوں میں، دوائی ڈالنے سے روزہ پر کوئی اثر پڑتا ہے۔ ان تمام امور سے نہ تو روزہ ٹوٹتا ہے اور نہ ہی اس کو کوئی نقصان ہوتا ہے۔

جہاں تک نماز کے دوران مہندی لگانے کا تعلق ہے تو میں نہیں جانتا کہ یہ سوال کیسا ہے کہ جب عورت نماز کی حالت میں ہو تو پھر مہندی لگانا کیسے؟ شاید سوال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کیا مہندی لگانے کے بعد وضو صحیح ہوتا ہے۔ تو جواب یہ ہے کہ مہندی لگانے کے بعد (سر کو دھولینے کے بعد) بھی وضو درست ہے۔ اس لئے کہ یہ کوئی پردہ نہیں ہے جو پانی کو بالوں تک پہنچانے میں حائل ہو۔ یہ تو محض ایک رنگ ہے۔ جو چیز وضو پر اثر انداز ہوتی ہے جو پانی کو جسم تک پہنچانے سے روک دے تو اس کو یقیناً دور کرنا ضروری ہوتا ہے تاکہ وضو درست ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الصیام

صفحہ: 82

محدث فتویٰ